## پاکستان ہاکی ٹیم کوایشین گیمز میں اچھی کارکردگی پرالطاف حسین کی مبارکباد

لندن۔۔۔23نومبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان ہاکی ٹیم کوایشین گیمز میں شاندارکارکردگی پردلی مبارکبادپیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ٹیم کے کوچ، کپتان اورتمام کھلاڑیوں کوسیمی فائنل میں کامیابی پردل کی گہرائیوں سے مبارکبادپیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہاکی ٹیم کی ایشین گیمز میں 20 سال بعد فائنل میں رسائی ملک وقوم کیلئے خوش آئند ہے اورقومی کھیل کی کھوئی ہوئی ساکھ کو بحال کرکے موجودہ ہاکی کی قومی ٹیم نے ملک وقوم کا سرفخر سے بلند کردیا ہے۔انہوں نے امیدظاہرکی کہ ہاکی ٹیم فائنل میں بھی عمدہ کارکردگی اوربہترین ٹیم ورک کا مظاہرہ کرکے ایک بارپھرقوم کا سرفخر سے بلندکرے گی۔انہوں نے پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدرقاسم ضیاءاورسیکریٹری آصف باجرہ کوٹیم اچھی کارکردگی پرمبارکباددی ہے۔

## آزادکشمیرمیں غریب ومتوسط طبقہ کا پیغام تیزی سے پھیل رہا ہے،انشاءاللہ وہ وقت آئے گا جب آزادکشمیرمیں بھی غریب ومتوسط طبقہ کا انقلاب آئے گا۔طاہرکھوکھر

## ایم کیوایم سیاست برائے سیاست پرنہیں بلکہ سیاست برائے خدمت پریقین رکھتی ہے

## بہت جلدآزادکشمیرمیں ایم کیوایم کی فلاحی تنظیم SUN کے زیراہتمام اسپتال قائم کیاجائے گا

## اگرآزادکشمیرکےعوام اپنے حقوق چاہتے ہیں توانہیں برادری سسٹم سے نجات حاصل کرناہوگی۔ڈاکٹرسلیم دانش

## غریب ومتوسط طبقہ کا انقلاب ہی ملک کے تمام مسائل کاحل ہے

## برطانیہ کےشہرپیٹربرامیں ایم کیوایم یوکے کے زیراہتمام منعقدکئے گئےاستقبالیہ سے خطاب

پیٹربرا۔۔۔ 23 نومبر2010ء

آزادکشمیرکے وزیرسیاحت اورایم کیوایم کے رہنمامحمدطاہرکھوکھرنے کہا ہے کہ پاکستان کے چاروں صوبوں کی طرح آزادکشمیرمیں بھی غریب ومتوسط طبقہ کا پیغام تیزی سے پھیل رہا ہےاورانشاءاللہ وہ وقت آئے گا جب آزادکشمیرمیں بھی غریب ومتوسط طبقہ کا انقلاب آئے گا۔انہوں نے یہ بات برطانیہ کےشہرپیٹربرامیں ایم کیوایم یوکے کے زیراہتمام منعقدکئے گئے استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔استقبالیہ میں پیٹربرامیں آبادکشمیری کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے افرادنے بڑی تعدادمیں شرکت کی۔طاہرکھوکھرنے کہا کہ ایم کیوایم نے اپنےعمل سے ثابت کیا ہے کہ وہ صرف سیاست برائے سیاست پرنہیں بلکہ سیاست برائے خدمت پریقین رکھتی ہےاورآزادکشمیرمیں آنے والے زلزلے کےموقع پر ایم کیوایم نے وہاں جس بڑے پیانے پرمتاثرین کی خدمت کی وہ ایک مثال ہے۔انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن اوربرطانیہ میں ایم کیوایم کےفلاحی ادارے SUN کی فلاحی سرگرمیوں کاخصوصی ذکرکرتے ہوئے کہا کہ SUN نے کراچی سمیت ملک کےمختلف شہروں میں فلاحی خدمات انجام دی ہیں اورانشاءاللہ بہت جلدآزادکشمیرمیں بھی سن کے زیراہتمام ایک اسپتال قائم کیاجائے گا۔اس موقع پرایم کیوایم یوکے کےآرگنائزرڈاکٹرسلیم دانش نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین ملک کےتمام عوام کیلئے رنگ،نسل،زبان،علاقے،مذہب اورمسلک کےامتیازکے بغیرتمام شہریوں کیلئے مساوی حقوق چاہتے ہیں۔اگرآزادکشمیرکےعوام بھی اپنے حقوق چاہتے ہیں توانہیں برادری سسٹم سے نجات حاصل کرکے متحدہوناہوگی اوراپنی صفوں سے قیادتیں نکالنی ہوں گی۔انہوں نے کہا کہ غریب ومتوسط طبقہ کا انقلاب ہی ملک کےتمام مسائل کاحل ہے۔استقبالیہ سےایم کیوایم یوکےکی آرگنائزنگ کمیٹی کےرکن منشاءخان اورپیٹربراکےسابق میئرچوہدری محمدایوب نے بھی خطاب کیا۔

## ضلع بونیرمیں مکان کی چھت گرنے کے باعث متعددافرادکے ہلاک وزخمی ہونے پررابطہ کمیٹی کا اظہارافسوس

کراچی۔۔۔23،نومبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نےضلع بونیرمیں مکان کی چھت گرنے کے باعث متعددافرادکی ہلاکت اورزخمی ہونے پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے ہلاک ہونے والے تمام افرادکےلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے انہیں صبرکی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افرادکو اپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کویہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطاکرے۔(آمین)

## پی ٹی سی ایل کی مختلف محنت کش یونینوں کے عہدیداران کے نمائندہ وفد کی رابطہ کمیٹی کے اراکین شاکر علی اور شاہد لطیف سے ملاقات

کراچی۔۔۔23،نومبر 2010ء

پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن (پی ٹی سی ایل) کی مختلف محنت کش یونینوں کے عہدیداران کے نمائندہ وفد نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شاکر علی اور شاہد لطیف سے ملاقات کی اور انہیں ادارے کے محنت کشوں کے مسائل سے آگاہ کیا۔ وفد میں ایمپلائز یونین کے چیف پیٹرن عمران جعفری، مزدور دوست یونین کے سیکریٹری جنرل ملک حبیب الرحمٰن ، لیبر یونین کے سیکریٹری جنرل حماد قریشی اور ایمپلائز یونین کے سیکریٹری انفارمیشن رانا محمد پرویز شامل تھے۔ محنت کش یونینوں کے عہدیداران کے نمائندہ وفد نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کو بتایا کہ پی ٹی سی ایل کے محنت کش اپنی ملازمتوں پر بحالی، گزشتہ چار ماہ سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی، جھوٹے مقدمات کی واپسی اور 50 فیصد تنخواہوں میں اضافے کے مسائل میں الجھے ہوئے ہیں اور یہ مسائل ادارے کے محنت کشوں کے دیرینہ مسائل ہیں جن کے حل ہونے سے نہ صرف محنت کشوں کے گھروں میں خوشحالی آئے گی بلکہ ادارے کی ترقی وخوشحالی کا جذبہ ان میں مزید پروان چڑھے گا۔ رابطہ کمیٹی کے اراکین نے وفد کی گزارشات کو توجہ سے سنا اور انہیں ایم کیوایم کی جانب سے اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

☆☆☆☆☆